

# Breathing

is the greatest pleasure in

**LIFE**

Your premium Health partner

Original GERMAN MADE Homoeopathic Medicines

DR. RECKEWEG & CO GMBH


GERMANY

**www.reckeweg.pk**




# نظام تنفس

سانس انسانی حیات کیلئے لازم ہے۔ ہر دن، ہر منٹ اور ہر لمحہ ہم لاشعوری طور پر سانس لئے جا رہے ہیں اور یہ سب ممکن ہوتا ہے ہمارے جسم کے اندر موجود ایک مستعد نظامِ تنفس کی وجہ سے ہمارے پھیپھڑے پھیل اور سکڑ کر ہمارے جسم کو آکسیجن فراہم کرتے ہیں اور کاربن ڈائی آکسائیڈ جسم سے خارج کرتے ہیں یوں ہم سانس لئے جاتے ہیں اور جیئے جاتے ہیں ہمارے سانس لینے کا عمل ہمارے ناک اور منہ سے شروع ہوتا ہے ہمارے پھیپھڑوں کے صحیح کام کرنے کیلئے ضروری ہے کہ ہوا گزرنے کی تمام نالیاں کھلی ہوئی ہوں اور کسی بھی قسم کی سوجن یا مادے سے پاک ہوں۔ ہم ناک اور منہ سے جو سانس اندر کھینچتے ہیں وہ ہمارے گلے سے ہوتی ہوئی سانس کی نالی (ٹریکیا Trachea) میں پہنچتی ہے جو آگے جا کر چھوٹے راستوں میں تقسیم ہو جاتی ہے جسے 'برونکیول ٹیوب' کہتے ہیں برونکیول ٹیوبز ہمارے پھیپھڑوں میں سے گزرتی ہوئی مزید چھوٹے





چھوٹی نالیوں میں تقسیم ہو جاتی ہیں جنہیں برونکیولز (Bronchioles) کہا جاتا ہے یہ برونکیولز ہوا کی چھوٹی چھوٹی تھیلیوں ایلویلائی (Alveoli) میں جا کر ختم ہوتے ہیں۔ جسم میں 300 ملین سے زیادہ ایلویلائی (Alveoli) پائے جاتے ہیں جو خون کی چھوٹی چھوٹی رگوں سے ڈھکے ہوتے ہیں یہاں آکسیجن ایلویلائی کی دیواروں کے ذریعے خون میں شامل ہو جاتی ہے آکسیجن جذب ہونے کے بعد خون پھیپھڑے چھوڑ کر دل کی جانب سفر کرتا ہے۔ دل یہ خون ہمارے خلیات اور اعضاء میں ترسیل کرتا ہے خلیات جب آکسیجن

استعمال کرتے ہیں تو کاربن ڈائی آکسائیڈ خارج کرتے ہیں یہ کاربن ڈائی آکسائیڈ دوبارہ خون کے ذریعے





PULMONARY FIBROSIS



LUNGS DISEASES

پھیپھڑوں تک یعنی جہاں سے ہم اسے سانس کے ذریعے باہر نکال دیتے ہیں انسانی نظام تنفس میں خداداد صلاحیت ہوتی ہے کہ وہ ہمارے پھیپڑوں میں داخل ہونے والی ہوا کو صاف کردے اور کسی بھی قسم کی مضر صحت چیز کو اندر داخل ہونے سے روک دے۔ ہمارے ناک کے بال جنہیں سیلیا (Cilia) کہتے ہیں بڑے ذرات کو فلٹر کرکے انہیں اندر جانے سے روکتے ہیں یہ سیلیا ناک کے اندر ہوا گزرنے کے راستے میں بھی پائے جاتے ہیں جہاں یہ اپنی لہلہاتی ہوئی حرکت سے ہوا کی گزرگاہ کو صاف کرتے ہیں لیکن مضر صحت عادات مثلاً سگریٹ نوشی وغیرہ سیلیا کی کارکردگی متاثر کرتے ہیں اور صحت کو مختلف مسائل درپیش کرتے ہیں اسی طرح ٹریکیا اور


BRONCHITIS



PNEUMONIA OF THE LUNGS

برنکیول ٹیوب میں پایا جانے والا گاڑھا مائع ہوائی نالی میں نمی کو برقرار رکھتا ہے اور گردوغبار، بیکٹیریا اور وائرس جو کہ الرجی پیدا کرنے کا سبب بن سکتے ہیں اس کو اندر داخل ہونے سے روکتا ہے جو مضر صحت نجاست ہمارے پھیپھڑوں میں اندر تک نہیں پہنچ پاتی وہ عموماً بلغم یا کھانسی کی صورت میں پھیپھڑوں سے باہر نکل جاتی ہے یوں سانس لینے کا عمل جاری رہتا ہے۔

**SIGNS AND SYMPTOMS OF RESPIRATORY DISEASE**


Breathlessness


Chest Pain


Wheezing Cough


Sputum Production

# Homoeopathic Medicines
## for treatment of Respiratory Diseases

### R-57: پھیپھڑوں کا ٹانک




جسمانی اعضا اور خاص طور پر پھیپھڑوں کی کمزوری جس کے ساتھ عام طور پر پیٹھ میں کمزوری اور ناطاقتی کا احساس ہوتا ہے۔ سوتے میں پسینہ کا زیادہ آنا، جلد سردی لگنے کا خطرہ دورانِ خون کی خرابی (جس کی علامت یہ ہے کہ پیر ٹھنڈے رہتے ہیں) بھوک کم، چہرہ زرد اور بے رونق چہرہ عام طور پر خون ضائع ہونے کے بعد۔

**Formula:** Arsenicum jodat. D6, Calcium carb. Hahnem. D30, Lycopodium D30, Phosphorus D30, Silicea D 30, Teucrium Scorod. D6, Ethanol, Aqua pur.

---

### R-76: (شدید دمہ کی دوا، فورٹ ڈراپس)




ڈاکٹر ریگوک کا یہ مجرب نسخہ دمہ کے شدید دورے میں سانس کی نالیوں، پھیپڑوں اور دل پر دباؤ کو کم کر کے مریض کو فوری سکون پہنچاتا ہے۔

**Formula:** Aconitum D3, Ammi visnaga D2, Convallaria majalis D1, Drosera D1, Ephedrinum hydrochloricum D2, Kalium jodatum D3, Lobelia inflata D3, Mentholum D2, Stramonium D3, Ethanol, Aqua pur.

---

### R-43: (سانس کی تکلیف اور دمہ کی دوا)




پھیپھڑوں کی نالیوں کے تنگ ہو جانے کی وجہ سے سانس میں دشواری اور دمہ کی کیفیت دمہ ساتھ عام جسمانی نظام میں پیدا ہونے والی خرابیوں کو دور کرتی ہے۔

**Formula:** Arsenicum album D8 1 g, Carbo vegetabilis D30 1 g, Kalium phosphoricum D30 1 g, Natrium sulfuricum D200 1 g, Yerba santa D12 1 g, Ethanolum, Aqua purificata, in 10 g

---

### R-48: (پھیپھڑوں اور سینے کی طاقت کیلئے)




پھیپھڑوں کی کمزوری، سوزش، تپ دق (ٹی بی) کی ابتداء زیادہ سگریٹ پینے سے کھانسی کی شکایت۔ پھیپھڑوں کی ہوائی نالیوں کی تمام بیماریوں اور دمہ میں مددگا، دنوں کندھوں کے درمیان درداور کمزوری کا احساس، دھن اور رات کو پسینے کی زیادتی، پرانی کھانسی۔

**Formula:** Acid. picrin. D 8, Bryonia D12, China D 6, Dulcamara D 30, Ferrum phosphoric. D12, Kalium carb. D 6, Lycopodium D30, Phosphorus D 30, Sepia D 6, Silicea D 30.

## R-49: (نئے اور پرانے نزلہ و زکام کی دوا)




نیا اور پرانا نزلہ اور زکام ناک اور چہرے کی ہڈیوں میں نزلہ کا اثر اور اسکی وجہ سے ہونے والی تکلیفیں، ناک کے اندر سے یا گوشت کا بڑھ جانا، خاص طور پر بچوں میں سونگھنے اور چکھنے کی حس کا ختم ہو جانا۔

Formula: Arsen. alb. D12, Calcium carb. Hahnem. D30, Cinnabaris D12, Kalium bichrom. D12, Mercur. sol. Hahnem. D30, Pulsatilla D12, Sepia D12, Sulfur D30, Ethanol, Aqua pur.

---

## R-8: کف سیرپ (کھانسی کا شربت)




ہر قسم کی کھانسی، پھیپھڑوں، ناک،، حلق اور نرخرے کی سوزش، ہوائی نالیوں کی سوزش کی وجہ سے ہونے والی کھانسی اور بخار (برانکائی ٹس) اور کالی کھانسی خواہ کسی بھی درجہ کی ہو۔ بلغم کی رکاوٹ، دمہ، سل اور دق کے مریضوں میں کھانسی کے تکلیف دہ حملے۔

Formula: Belladonna D3, Bryonia D2, Coccus cacti D5, Corall. rubr. D12, Cupar. acet. D12, Drosera D3, Ipecacuanha D5, Spongia D5, Sticta D3.

---

## R-9 (کھانسی کے قطرے)




ہر قسم کی کھانسی، پھیپھڑوں، ناک،، حلق اور نرخرے کی سوزش، ہوائی نالیوں کی سوزش کی وجہ سے ہونے والی کھانسی اور بخار (برانکائی ٹس) اور کالی کھانسی خواہ کسی بھی درجہ کی ہو۔ بلغم کی رکاوٹ، دمہ، سل اور دق کے مریضوں میں کھانسی کے تکلیف دہ حملے۔

Formula: Belladonna D4, Bryonia D3, Coccus cacti D6, Corallium rubr. D12, Cuprum acet. D12, Drosera D4, Ipecacuanha D6, Spongia D 6, Sticta D4, Thymus vulg. Ø , Ethanol, Aqua pur.

---

## R-24: (پسلی کے درد بخار اور سینے کے درد کی دوا)




پھیپھڑے کی جھلی کی سوزش جس کے ساتھ کھانسی اور سانس لیتے وقت سینے میں تیز چبھتا ہوا درد، پیٹ میں داہنی جانب اور نیچے کی طرف شدید درد اور اس کے ساتھ قے (اپنڈی سائٹس) عورتوں میں رحم کے دونوں طرف پائی جانے والی گلٹیوں (اووری) کی سوزش۔

Formula: Bryonia D4, Cimicifuga D6, Colocynthis D8, Kalium carbon. D6, Natrium sulfuric. D6, Ranunculus bulbos. D4, Ethanol, Aqua pur.

---

## R6: (نزلہ زکام اور موسمی بخار کی دوا)




جھلیوں اور ساختوں کی تیز سوزش بخار کے ساتھ، گرپ فلٹا ان جھلیوں کی سوزش کی خاص دوا ہے انفلوئنز (فلو) کا سبب ہوتی ہے۔ بدن میں درد ہو۔ بیماری اور تھکن کا احساس، سر میں ہلکا درد، بے چینی، جلد خشک اور جلتی ہوئی، شدید درد اور بخار اور اس کے ساتھ ہوائی نالیوں میں سوزش، ناک اور حلق کی سوزش اور سوجن، انفلوئنزا، کھانسی۔

Formula: Aconitum D4, Bryonia D4, Camphora D3, Causticum Hahnem. D6, Baptisia D4, Eupator. prfol. D3, Ferrum phosphoric. D8, Gelsemium D6, Eucalyptus D3, Sabadilla D6.

| سنگل ریمیڈی | اہم علامات |
|---|---|
| **Belladonna** | بیلاڈونا کھانسی کے دوروں خاص طور پر دمہ اور کالی کھانسی نیز زکام اور تیز بخار کی کیفیت میں آرام پہنچانے کی ایک خاص دوا ہے |
| **Bryonia** | برائیونیا قبض کشا ہے خشک اور تکلیف دہ کھانسی بشمول خشک گلا اور بہت زیادہ پیاس لگنے والی کیفیت میں آرام دیتی ہے یہ دوا تمام رطوبتی جھلیوں اور اس سے متعلقہ جو خون پر اثرانداز ہوتی ہے میں آرام پہنچاتی ہیں۔ |
| **Drosera** | ڈروسیرا نمایاں طور پر اعضائے تنفس پر اثرانداز ہوتی ہے کالی کھانسی (whooping cough) میں ایک اہم ترین دوا ہے ڈروسیرا خشک کھانسی خاص طور پر رات کے وقت بے آرام کرنے والی کھانسی میں بے حد معاون ہے۔ |
| **Arsenicum Album** | آرسنیکم البم جسم کے ہر عضو پر اور ہر رگ و ریشہ پر نمایاں انداز سے عمل پیرا ہوتی ہے سانس لینے میں دشواری، خشک مسلسل کھانسی مسلسل چھینکیں آنا اور زکام نیز بخار میں نہایت کارآمد دوا ہے |
| **Kali Carbonicum** | کالی کاربونیکم دمہ، پیٹھ کے درد، کھانسی، نزلہ، زکام، نمونیا اور اس طرز کی دیگر شکایات کو رفع کرنے کی ایک آزمودہ دوا ہے |
| **Thymus Vulgaris** | تھائمس کو ایک عرصہ دراز سے کھانسی، سینہ کی جکڑن اور دیگر سانس کی بیماریوں کی تکالیف میں آرام کے لئے استعمال کیا جاتا ہے سینہ کی جکڑن اور اس سے متعلقہ انفیکشن اور سانس لینے کی نالیوں کو کھولنے میں بہت معاون و مددگار ہے |
| **Ferrum Phosphoricum** | فیرم فاسفوریکم بخار کی کیفیات کے ابتدائی درجات خصوصاً نزلہ اور الرجی کے ساتھ والے بخار کی شکایت دور کرنے کے ایک بہترین ہومیوپیتھک دوا ہے۔ |

## Time to Think ! لمحہ فکریہ

پاکستان چیسٹ سوسائٹی کے مطابق پاکستان میں کینسر سے اموات کی سب سے بڑی وجہ پھیپھڑوں کا سرطان ہے جو مردوں (Males) میں بہت زیادہ ہے پاکستان کی تقریباً 10 فیصد آبادی دمہ (Asthma) کا شکار ہے اور 5 فیصد سے زیادہ آبادی COPD - Chronic Obstructive Pulmonary Disease میں مبتلا ہے سانس کی بیماریوں میں مبتلا افراد کو شفایابی سے ہمکنار کرانا دنیا بھر کے ماہرین طب کے لئے ایک بہت بڑا چیلنج ہے دنیا بھر میں ایک کروڑ سے زائد افراد ہر سال TB کا شکار ہوتے ہیں جن میں سے 16 لاکھ افراد لقمہ اجل بن جاتے ہیں اس وقت 33 کروڑ 40 لاکھ سے زائد افراد دمہ کا شکار ہیں اور ان میں سے تقریباً 14 فیصد بچے ہیں اور یہ تعداد روز بروز بڑھ رہی ہے۔ پھیپھڑوں کے سرطان اور دمہ کے مضر اثرات سے بچنے کیلئے ہمیں تمباکو نوشی کے سدباب کے لئے اجتماعی کردار ادا کرنا ہوگا۔

DR. SALIM AHMED & CO.
704 - 7th Floor, Block A, Saima Trade Tower,
I.I. Chundrigar Road, Karachi. 74000 Pakistan.
021-32271777, 32275000
www.reckeweg.pk
marketing@reckeweg.pk
0336-2850727
Dr.Reckeweg.pk
GET IT ON Google play